فوری ریلیز کے لیے: 8/6/2023

گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL کا تاریخی مقامات کے ریاستی اور قومی رجسٹروں کے لیے 16 نامزدگیوں کا اعلان***

***مقامات مختلف تاریخوں کی نمائندگی کرتے ہیں، بشمول نیو یارک شہر میں پورتو ریکن کاسیٹا، لانگ آئی لینڈ پر ایک تاریخی فائر ہاؤس، ہارلم کے سیاہ فام بچوں کے لیے کیٹسکلز سمر کیمپ، فلمی صنعت کے علمبردار کا لیک چمپلین ہوم، اور ایک نیا تاریخی ضلع جس میں لکاونا میں آور لیڈی آف وکٹری باسیلیکا کی خصوصیات شامل ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ ریاست نیو یارک کے بورڈ برائے تحفظِ تاریخ نے سولہ املاک کو ریاست اور تاریخی مقامات کے قومی رجسٹر میں شامل کرنے کی سفارش کی ہے۔ نامزدگیوں میں نیو یارک سٹی میں ایک پورتو ریکن کیسٹا، لانگ آئی لینڈ پر ایک تاریخی فائر ہاؤس، ہارلم کے سیاہ فام بچوں کے لیے کیٹسکلز کا سمر کیمپ، فلمی صنعت کے علمبردار کا لیک چمپلین ہوم، اور ایک نیا تاریخی ضلع شامل ہے جو لکاونا میں آور لیڈی آف وکٹری باسیلیکا پیش کرتا ہے۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "یہ نامزدگیاں نیو یارک میں جدت، موافقت اور سماجی تعمیر کے جذبے کو ظاہر کرتی ہیں جو نسلوں سے موجود ہے اور آج بھی ہم پر اثر انداز ہوتا ہے۔ ان مقامات کو اپنے تاریخی رجسٹروں میں شامل کرنے سے نیو یارک کی تاریخ کے بارے میں ہماری سمجھ بُوجھ میں اضافہ ہوتا ہے اور ہمیں اپنے متنوع، اجتماعی ماضی کے بارے میں مزید جاننے کی ترغیب ملتی ہے"۔

ریاستی اور قومی رجسٹروں کی فہرست سازی مالکان کی جائیدادوں کو دوبارہ زندہ کرنے میں مدد کر سکتی ہے، انہیں مختلف عوامی تحفظ کے پروگراموں اور مراعات کے لیے اہل بناتی ہے، جیسے کہ ریاستی گرانٹیں اور وفاقی اور ریاستی تاریخی بحالی ٹیکس کریڈٹس۔

**ریاست نیو یارک کے دفتر برائے پارکس، تفریح و تحفظِ تاریخ کے کمشنر Erik Kulleseid نے کہا،** "ہم نیو یارک کے تاریخی تانے بانے کو محفوظ کرنے اور اسے فروغ دینے کے لیے پُرجوش ہیں تاکہ ہم سب اُس ماضی سے منسلک ہوں جو ہمیں اس بات کو سمجھنے میں مدد دے کہ نیو یارک کا مکین بننے کا کیا مطلب ہے۔ ریاستی اور قومی رجسٹروں کے لیے ہر نامزدگی کے ساتھ، ہم ناصرف ایسے وسائل تک رسائی فراہم کر رہے ہیں جو ان مقامات کو مستقبل میں مدد فراہم کر سکتے ہیں، بلکہ ہم اپنے مقامات کی فہرست کو وسیع کر رہے ہیں جو نیو یارک کے تجربے کی مزید مکمل کہانی بیان کر سکتی ہیں۔ نامزدگیوں کی یہ سلیٹ کچھ کم بتائی گئی کہانیوں پر روشنی ڈالتی ہے جن کے متعلق نیو یارک کے لوگ مزید جاننا چاہتے ہیں اور ہمیں یہ یاد دلانے میں مدد کرتے ہیں کہ سنانے کے لیے اور بھی بہت سی کہانیاں ہیں"۔

**ریاست نیو یارک کے دفتر برائے پارکس، تفریح و تحفظِ تاریخ کے ڈپٹی کمشنر برائے تحفظِ تاریخ Daniel Mackay نے کہا،** "شعبۂ تحفظِ تاریخ میں، ہم نیو یارک کے قابلِ ذکر تاریخی وسائل کی مدد کے لیے پُرعزم ہیں اور ہم ریاست بھر میں مختلف منصوبوں پر کام کرتے ہیں، بشمول ریاستی اور قومی رجسٹروں کے لیے نامزدگیاں۔ ہم نے ریاستی اور وفاقی ٹیکس کریڈٹس کے مواقع دیکھے ہیں جو مقامی تحفظ کی کوششوں کو آگے بڑھاتے ہیں اور تمام حجموں کے علاقوں میں سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ تاریخی وسائل کو اب ثقافتی اور اقتصادی اثاثوں کے طور پر تسلیم کیا جا رہا ہے، جو مستقبل میں ان کی طویل عمری کو یقینی بنانے میں مدد کرتے ہیں"۔

ریاست نیو یارک 2017-2021 تک بحالی کے کل اخراجات میں $4.5 بلین کے ساتھ تاریخی ٹیکس کریڈٹس کے استعمال میں ملک کی قیادت جاری رکھے ہوئے ہے۔ سنہ 2011 سے، تاریخی ٹیکس کریڈٹ پروگرام نے ریاست نیو یارک میں منصوبے کے اخراجات میں $12 بلین سے زیادہ کی حوصلہ افزائی کی ہے، جس سے اہم سرمایہ کاری اور نئی ملازمتیں پیدا ہوئی ہیں۔ ایک رپورٹ کے مطابق، 2017-2021 کے درمیان ریاست نیو یارک میں کریڈٹس نے 69,769 ملازمتیں پیدا کیں اور مقامی، ریاستی اور وفاقی ٹیکسوں میں $1.3 بلین سے زیادہ پیدا کیا۔

ریاستی اور قومی رجسٹر عمارتوں، ڈھانچوں، اضلاع، مناظر، اشیاء اور نیو یارک ریاست اور قوم کی تاریخ، فنِ تعمیر، آثارِ قدیمہ اور ثقافت میں اہم مقامات کی سرکاری فہرست ہیں۔ ریاست بھر میں 120,000 سے زائد تاریخی املاک ہیں جو تاریخی مقامات کے قومی رجسٹر میں انفرادی طور پر یا تاریخی اضلاع کے اجزاء کے طور پر درج ہیں۔ جائیداد کے مالکان، میونسپلٹیز، اور ریاست بھر کی علاقائی تنظیموں نے نامزدگیوں کی حمایت کی ہے۔ کمشنر، جو ریاست کے افسرِ تحفظِ تاریخ کے طور پر کام کرتا ہے، کی طرف سے سفارشات منظور ہونے کے بعد املاک کو ریاست نیو یارک کے تاریخی مقامات کے رجسٹر میں درج کر لیا جاتا ہے اور پھر تاریخی مقامات کے قومی رجسٹر میں اندراج کے لیے نامزد کیا جاتا ہے، جہاں ان کا پارکوں کے قومی محکمے کی جانب سے جائزہ لیا جاتا ہے اور منظور ہونے کے بعد، قومی رجسٹر میں اندراج کر دیا جاتا ہے۔ مزید معلومات، نامزدگیوں کی تصاویر کے ساتھ، آفس آف پارکس، تفریح اور تحفظِ تاریخ کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

**دارالحکومتی علاقہ**

**الپائن، گرین کاؤنٹی** - ہینس فالز کے چھوٹے سے گاؤں میں دیہاتی پہاڑی شاہراہ پر کیٹسکل پہاڑوں میں واقع، یہ ملکہ Anne طرز کا رہائشی گھر سنہ 1905 کے آس پاس تعمیر کیا گیا تھا۔ یہ عمارت چھوٹے، خاندانی طور پر چلنے والے موسمِ گرما کے لاجنگ ہاؤس کی مثال ہے جو کیٹسکل ٹورازم سے وابستہ تھا اور بہت سے کاشتکار خاندانوں کے لیے ایک معاشی خطِ حیات تھا۔ ناصرف بورڈرز سے حاصل شدہ آمدنی کم زرعی پیداوار کے موسموں کو پورا کرتی تھی، بلکہ علاقے کے بڑے ہوٹل انڈے، مکھن اور گوشت کی منڈی بھی تھے۔ متعدد مقامی خاندانوں نے اپنے فارم ہاؤسز کو وسیع کر کے بورڈنگ ہاؤسز بنا دیا جبکہ دیگر نے نئے تعمیر کیے تھے۔ اگرچہ یہ دراصل ایک چھوٹے سے بورڈنگ ہاؤس کے طور پر بنایا گیا تھا، لیکن الپائن اضافی حصوں اور ایک ترچھی چھت کے ساتھ سائز میں وسیع ہوا، یہ دو خصوصیات تھیں جو اکثر زیادہ دیر رہنے والوں کے لیے گنجائش نکالنے کے لیے شامل کی جاتی تھیں۔ ایک وقت میں پینتیس کی تعداد تک مہمانوں کی میزبانی کرنے کے قابل رہنے والا، الپائن ہینس فالز (1963 تک) میں کام کرنے والے آخری بورڈنگ ہاؤسز میں سے ایک تھا اور اب یہ کیٹسکلز سمر ریزورٹ دور کے عروج کے دوران تعمیر کردہ باقی بچ جانے والے بورڈنگ ہاؤسز میں سے ایک ہے۔

**Clark Witbeck Co. ویئر ہاؤس، سکینیکٹیڈی کاؤنٹی** - Clark Witbeck Co. ویئر ہاؤس، سکینیکٹیڈی شہر میں واقع، تعمیراتی لحاظ سے اس کے سامنے کے حصے کے لیے اہم ہے جو مکمل طور پر دھاتی پرتوں سے بنا ہے۔ تقریباً سنہ 1904 میں تعمیر کردہ، عمارت کا آرائشی دھاتی پرتوں پر مشتمل ڈیزائن، جس کا اطلاق کسی سادہ گودام پر ہوتا ہے، اس قسم کی تعمیراتی خصوصیت کی ایک نادر علاقائی مثال ہے، جو سنہ 1870 اور سنہ 1930 کے درمیان مقبول تھی۔ سنہ 1870 میں قائم شدہ، Clark Witbeck Co. ایک بڑی ہول سیل ہارڈویئر فرم تھی جو ریلوے اور ملوں کے سامان کی رسد میں مہارت رکھتی تھی، یہ ایک خاص مارکیٹ تھی جس نے سینکٹیڈی میں واقع صنعتی کمپنیوں جنرل الیکٹرک اور امریکن لوکوموٹیو کمپنی (Alco) کے ساتھ قریبی کاروباری تعلقات سے فائدہ اٹھایا۔ کمپنی کی تاریخ کا تعلق براہِ راست سکینیکٹیڈی کے ایک معمولی نہر والے شہر سے ایک صنعتی پاور ہاؤس تک بڑھنے سے ہے کیونکہ اس نے سینکٹیڈی کے مصروف کاروباروں اور تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کو پرچون فروخت کو صنعتی آلات اور تعمیراتی مواد فراہم کرنے میں کامیابی حاصل کی۔ سنہ 1960 میں *ڈیلی گزٹ* اخبار نے گودام خریدا اور اسے سنہ 1990 تک اپنے پرنٹنگ پلانٹ کے طور پر استعمال کیا۔ سنہ 2020-2021 میں، عمارت کو بحال کیا گیا اور اسے رہائشی اپارٹمنٹوں اور عوامی تقاریب کی جگہ کے لیے دوبارہ استعمال کیا گیا۔

**Fairview Manor، کولمبیا کاؤنٹی** - Alonzo & Mary E. Flack House کے نام سے بھی معروف ہے، Fairview Manor کلیوریک میں واقع ایک بڑا، دو منزلہ، اینٹوں کی چنائی والا گھر ہے۔ سنہ 1870 کے لگ بھگ

تعمیر کردہ، یہ گھر ہڈسن ویلی میں نیو یارک کے اشرافیہ کے پسندیدہ اعلیٰ طرز کے فنِ تعمیر کا مظہر ہے، جو ہڈسن ویلی کے پُرکشش فنِ تعمیر کے تناظر میں انتہائی اہم ہے اور واضح طور پر ایک ماہر معمار کا کام ہے۔ اگرچہ عمارت کی تعمیر کو دستاویزی شکل نہیں دی گئی ہے، Fairview Manor کی دوسرے بہت سے مکانات کے ڈیزائنوں کے ساتھ بہت سی مماثلتیں ہیں جو Calvert Vaux سے وابستہ ہیں، جیسے کہ اس کی پیچیدہ گرانی، غیر متناسب منصوبہ، اور وسیع، نفیس تعمیراتی زیور۔ Andrew Jackson Downing اور Frederick Law Olmsted دونوں کے ساتھ اپنے اہم کام کی وجہ سے Vaux سنہ 1870 تک امریکہ کے صفِ اول کے ماہرینِ تعمیرات میں سے ایک تھے، اور Frederic Church's Olana کے معمار تھے، جو ایک ہی وقت میں Fairview Manor سے صرف چند میل کے فاصلے پر تعمیر کیا جا رہا تھا۔ اگرچہ اسے سنہ 1998 میں آگ لگنے سے نقصان پہنچا تھا، لیکن یہ گھر بہت سی اہم خصوصیات کو برقرار رکھتا ہے۔ Vaux کے فنِ تعمیر کے ریکارڈ کی شناخت اور دستاویزات کے لیے دستیاب محدود وسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے، Fairview Manor - ایک اور گھریلو ڈیزائن جو غالباً ووکس کا ہی ہے - کی یہ دریافت، شناخت اور تجزیہ اس بااثر امریکی معمار پر اسکالرشپ میں اہم شراکت داری ہے۔

**<u>لانگ آئیلینڈ</u>**

**St. James فائر ہاؤس، سافک کاؤنٹی** - دراصل سنہ 1923 میں تعمیر کردہ اور Lawrence Smith Butler کا ڈیزائن کردہ، یہ مقامی فنون و دستکاریوں کی طرز کا رضاکارانہ فائر ہاؤس سمتھ ٹاؤن کے قصبے سینٹ جیمز قصبے میں ہے۔ St. James فائر ہاؤس St. James تاریخی ضلع (قومی رجسٹر میں اندراج، سنہ 1973) کے اندر آتا ہے اور یہ نامزدگی ریکارڈ کو اپ ڈیٹ کرنے اور اس عمارت کو گاؤں کے اندر تعمیراتی اور تاریخی اہمیت کی وجہ سے پہچاننے کا ارادہ رکھتی ہے۔ ایک سو سالوں سے، عمارت ایک فائر ہاؤس اور اہلِ علاقہ کے اجتماع کی جگہ کے طور پر کام کرتی رہی ہے۔ فائر ہاؤس کا اصل ڈیزائن اور اس کے بعد کی توسیع فنون اور دستکاریوں کے نمایاں طور پر مربوط اثر کو ظاہر کرتی ہے، جس میں ساخت کے توازن اور ہم آہنگی میں Beaux-Arts طرز کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ اس کے فنِ تعمیر کے علاوہ، فائر ہاؤس اس اہم کردار کی نمائندگی کرتا ہے جو رضاکار فائر ڈیپارٹمنٹ نے آگ سے اہم تحفظ فراہم کرنے اور سماجی سرگرمیوں اور تفریح کے ذریعے دوستی کو فروغ دینے کے لیے دونوں طرح سے علاقے میں ادا کیا ہے۔ فائر ہاؤس کے علاوہ، نامزدگی میں سنہ 1972 کا نوآبادیاتی بحالی طرز کا گیراج بھی شامل ہے، جو سٹوریج اور دفتر کی جگہ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

**<u>مڈ ہڈسن</u>**

**All Souls' Church سمر کیمپ تاریخی ضلع، سلیوان کاؤنٹی** - جنوبی کیٹسکل پہاڑوں میں لبرٹی کے قصبے میں واقع، All Souls' Church سمر کیمپ سنہ 1954 میں ہارلم میں سیاہ فام بچوں کے لیے سمر کیمپ کے تجربات فراہم کرنے کے لیے قائم کیا گیا تھا جنہیں اس سے باہر رکھا گیا تھا یا وہ نیو یارک سٹی میں رہنے والے بچوں کے لیے دستیاب سمر کیمپ کے دیگر اختیارات کی استطاعت سے محروم تھے۔ All Souls' Church کی قیادت کی سربراہی میں اور عطیہ دہندگان اور جماعت کی طرف سے برسوں تک کفالت اور دیکھ بھال کیے گئے، اس کیمپ میں دوسرے سمر کیمپوں میں پائی جانے والی بہت سی دیگر خصوصیات تھیں - یہ نیو یارک شہر کے شہری علاقے کے نسبتاً قریب تھا، ایک پہاڑی علاقے کے قدرتی ماحول میں تھا، اور بیرونِ خانہ کا تجربہ کرنے کا موقع فراہم کرتا تھا۔ دراصل ایک فارم اور بعد میں ایک چھوٹا سا دیہی سیاحتی مقام، کیمپ کمپلیکس ریاست نیو یارک کے اس حصے میں املاک کے ارتقاء کی ایک اچھی مثال ہے جو شہروں میں چھٹیاں گزارنے والوں کی بدلتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے بڑھی اور تیار ہوئی۔ بچوں کے لیے سمر کیمپ کے طور پر، سائٹ نے خود کو اس کام کے لیے ڈھال لیا اور ایسی خصوصیات شامل کیں، جیسے کہ ایک ڈائننگ ہال، کرافٹ بلڈنگ، لائبریری، بنک ہاؤسز، گروپ سینیٹری کی سہولیات، اجتماع اور کھیل کے میدان، ایک جھیل، ایک سوئمنگ پول، اور، ایک مذہبی کیمپ کے طور پر، ایک گرجا گھر۔ محدود وسائل والی ایک تنظیم کے طور پر، All Souls' Church کی خریداری اور موجودہ ریزورٹ سہولت کی موافقت ایک اقتصادی فیصلہ تھا اور اس نے جائیداد کے ماضی کے مقاصد کے عناصر کو برقرار رکھا جو آج بھی قابل شناخت ہیں۔

**Webutuck زرعی وادی تاریخی ضلع، ڈچز کاؤنٹی (NY) اور لچفیلڈ کاؤنٹی (CT)** - ضلع امینیہ (NY) کے قصبے میں ہے، جس کا ایک چھوٹا سا حصہ شیرون (CT) کے قصبے میں ہے۔ تقریباً بیس فارم سٹیڈز اور تین چھوٹی چھوٹی بستیوں پر مشتمل دیہی علاقہ - لیڈزول، امینیہ یونین، اور ساؤتھ امینیا- 3,800 ایکڑ پر مشتمل ضلع سنہ 1735 میں امینیہ یونین قبرستان کے قیام کے بعد سے وادی کی ابھرتی ہوئی زرعی اور ثقافتی تاریخ کی نمائندگی کرتا ہے۔ اس دور میں علاقے کی آباد کاری، زرعی اور تعمیراتی ترقی، انیسویں صدی کے آخر اور بیسویں صدی کے اوائل میں دیہی منظرنامے کی رومان کاری، اور بیسویں صدی کے دوران زراعت کا زوال اور احیاء شامل ہے۔ ضلع اس خطے میں زراعت کے نمونوں کو مجسم کرتا ہے، جو اس عرصے کے دوران، گندم پر مبنی غذائی کھیتی سے لے کر ڈیری پر مبنی مارکیٹ فارمنگ تک اور پھر گھوڑوں، درختوں اور نامیاتی پیداوار جیسی چیزوں میں مہارت رکھنے والے جینٹیل سٹاک فارمز کا ارتقاء تھا۔ عمارت دو سو سال سے زیادہ آباد رہنے کی نمائندگی کرتی ہے۔ اس کے علاوہ، ضلع نے رومانوی تحریک کے عروج پر شاعروں، ادیبوں، ادبی نقادوں، اور فطرت پسندوں کے لیے ایک تحریک اور اجتماع کی جگہ کا کام دیا۔ ایک دور دراز دیہی علاقے کے طور پر، Webutuck ویلی نے ترقی، زوال اور احیاء کے ادوار کا تجربہ کیا ہے، اور اس کے تازہ ترین احیاء کو سستی اور تاریخی دیہی جائے پناہ کے متلاشیوں نے جنم دیا ہے۔

<u>**موہاک ویلی**</u>

**Bates کرسچن چرچ، شوہاری کاؤنٹی** - Bates کرسچن چرچ، جسے اب Bates اجتماعی کرسچن چرچ کے نام سے جانا جاتا ہے، سنہ 1859 میں Bates نامی چھوٹے سے گاؤں میں بنایا گیا تھا۔ یہ شوہاری کاؤنٹی میں انیسویں صدی کے دیہی مذہبی فنِ تعمیر کی ایک مخصوص مثال ہے اور اپنے میٹنگ ہاؤس کی شکل اور سادگی کے لیے قابلِ ذکر ہے۔ چرچ یونانی بحالی کے انداز میں بنایا گیا تھا، جو Bates کے ساتھ ساتھ آس پاس کے بستیوں میں ایک غالب فنِ تعمیر کا انداز تھا۔ بستی میں علاقے کی واحد باقی عمارت کے طور پر، یہ مقامی اور علاقائی تاریخ کے لیے اہم ہے۔

**کیمپ Veery، ہرکیمر کاؤنٹی** - Big Moose جھیل کے Echo جزیرے کے جنگلاتی منظر نامے کے اندر واقع، کیمپ Veery کا مرکزی کیمپ، بوتھ ہاؤس اور آئس ہاؤس سبھی اڈیرونڈیک رسٹک فنِ تعمیر کی روایت کو مجسم کرتے ہیں۔ سنہ 1901 میں آسویگو کے امیر تاجر Theodore Page کی جانب سے تعمیر کردہ، سمر کیمپ انیسویں صدی کے اواخر اور بیسویں صدی کے اوائل میں نیو یارک کے اڈیرونڈیک علاقے میں چھٹیاں گزارنے والے گھروں کی طرز کی خصوصیت کی عکاسی کرتا ہے جو "گریٹ کیمپس" کے نام سے مشہور تھے۔ اس طرح کے کیمپ دور دراز مقامات پر رازداری کے متلاشی دولت مند شہری مالکان کے لیے موسمی تفریحی تعطیلاتی مقام کے طور پر بنائے گئے تھے اور انہیں ان کے مواد اور آرائش کے ساتھ ناہموار جنگل کے ماحولوں میں گھل مل جانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا تھا۔ کیمپ Veery اس قسم کے ڈھانچے کی ایک مثال کے طور پر تعمیراتی اور تاریخی لحاظ سے اہم ہے لیکن یہ پلیسیڈ طرز کی تعمیر کی ایک عمدہ مثال بھی ہے جو پوری Big Moose جھیل میں نظر آتی ہے۔ سنہ 1875 اور سنہ 1905 کے درمیان، Big Moose اور Twitchell جھیل پر پچاس سے زائد عمارتیں اس عمودی نصف لاگ تعمیراتی طریقہ کو استعمال کرتے ہوئے تعمیر کی گئیں۔ اس وقت تیار کردہ جب اس علاقے میں آری ملیں نہیں تھیں، بلڈرز لکڑی کو درمیان میں سے چیرنے کے قابل تھے اور انہیں دیوار بنانے کے لیے سرے پر رکھ سکتے تھے- جو روایتی افقی لکڑی کے کیبن سے زیادہ موثر اور مکمل تھا۔ اگرچہ اڈیرونڈیک کے علاقے میں پلیسیڈ کی تعمیر کی مثالیں موجود ہیں، Big Moose جھیل وہ واحد جگہ ہے جہاں اس قسم کے فنِ تعمیر کے ذریعہ ایک بستی کی تعریف کی گئی ہے۔

<u>**نیو یارک سٹی**</u>

**Casita Rincón Criollo، برونکس کاؤنٹی**، پورٹو ریکن کیسیتاز آف نیو یارک سٹی - Casita Rincón Criollo جنوبی برونکس کے میلروس علاقے میں ایک چھوٹا سا ثقافتی منظر ہے۔ دراصل سنہ 1976کے قریب بنایا گیا اور اب نیو یارک سٹی پارکس ڈیپارٹمنٹ کی ملکیت ، اسے سنہ 2006 میں منتقل کیا گیا تھا اور اسے بانی اور معروف ماسٹر کیسیٹا بلڈر Jose Manuel "چیما" سوٹو (1945-2015) کے نام پر "لا کیسیٹا ڈی چیما" کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ اپنے نئے مقام پر، Casita Rincón Criollo شہر کے سب سے پرانے، سب سے بڑے، اور سب

سے طویل عرصے تک زندہ رہنے والے کیسیٹا میں سے ایک ہے۔ اس سائٹ میں سنتھیٹک ٹرف سے گھرا ہوا ایک مرکزی طور پر واقع دو کمروں کا کیسیٹا گھر، پندرہ سے زیادہ بلند باغیچے، ایک لکڑی کا سٹیج، ایک شیڈ، اور ایک نیم بند فوگن (باورچی خانہ) شامل ہے۔ پورٹو ریکو کے حیوانات کو جنم دینے کے لیے بہت سے پودوں کو جان بوجھ کر کاشت کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ، اسے نیو یارک شہر میں روایتی پورٹو ریکن موسیقی کا مرکز سمجھا جاتا ہے اور یہ ان اہم ترین مراکز میں سے ایک ہے جہاں دو روایتی پورٹو ریکن موسیقی کی انواع، بمبا اور پلینا، کی نشاۃ ثانیہ ہو رہی ہے۔ کیسیٹا ایک حالیہ سروے میں شناخت کیے گئے 28 میں سے ایک ہے۔ یہ سروے اور اس سے منسلک کثیر املاکی دستاویز، جن کے لیے مالی اعانت نیشنل پارک سروس کی جانب سے علاقائی گرانٹ کے ذریعے فراہم کی گئی ہے، نیشنل رجسٹر میں نیو یارک میں پورٹو ریکو کی تاریخ سے وابستہ سائٹس کی نمائندگی کو بڑھانے میں نمایاں طور پر مدد کرے گا۔

**<u>نارتھ کنٹری</u>**

**Halfway ہاؤس، سینٹ لارنس کاؤنٹی** - جو Foote-Legge-Stoking Tavern کے نام سے بھی معروف ہے، Halfway ہاؤس سنہ 1807 کے قریب لزبن قصبے میں کینٹن اور اوگڈنزبرگ کے درمیان ڈاک کی ترسیل کو آسان بنانے کے لیے تعمیر کیا گیا تھا۔ بگھی کے اہم راستے پر واقع، تاجروں، مسافروں اور رہائشیوں کے لیے یہ ایک اہم تجارتی اور سماجی مرکز تھا اور چرچ کی خدمات، سیاسی اجتماعات، عدالتی کارروائیوں، رقص وغیرہ کے لیے ایک جگہ کے طور پر کام کرتا تھا۔ عمارت کا فنِ تعمیر وفاقی طرز کے اثر و رسوخ کی عکاسی کرتا ہے، ایک ایسا انداز جس نے تقریباً سنہ 1780 سے سنہ 1830 تک امریکی تعمیراتی منظر نامے پر غلبہ حاصل کیا، اور معمار Stillman Foote کے ڈیزائن کردہ ڈھانچے میں عام ہے۔ اندرونی حصے میں مضبوط وفاقی تفصیلات ہیں، بشمول ترتیب، وین سکاٹ، لکڑی کی پینلنگ، ٹرِم، اور تکمیلی مراحل۔ ایک دلچسپ تعمیراتی خصوصیت ہاتھ سے تراشی ہوئی کینٹڈ پورلن پوسٹ فریمنگ ہے جس میں ایک مسلسل پلیٹ اور کثیر الاضلاع پشتہ بیم ہے، جو اس عرصے کے دوران مغربی اور شمالی نیو یارک کے مکانات کے لیے ایک غیر معمولی ڈھانچہ جاتی نظام ہے۔ Halfway ہاؤس رہائش گاہ اور "پبلک ہاؤس" کے امتزاج کی ایک نادر زندہ مثال ہے جو میل سٹاپ اور سرائے سے رہائش تک مکان کے ارتقاء کی عکاسی کرتا ہے۔

**Kessel Park Inn، ایسیکس کاؤنٹی** - پورٹ ڈگلس میں جھیل چمپلین کے مغربی کنارے پر واقع، Kessel Park Inn بیسویں صدی کے اوائل کے موشن پکچر پروڈیوسر Adam Kessel جونیئر سے منسلک ایک تاریخی املاک ہے جس میں ایک مرکزی گھر، کیریج ہاؤس (اب نجی رہائش گاہ) آئس ہاؤس/مرغی کا گھر (اب نجی رہائش گاہ)، پمپ ہاؤس، اور ایک دھاتی سگنل ٹاور شامل ہے۔ Kessel نے سنہ 1912 میں جائیداد خریدی اور اسے سنہ 1946 میں اپنی موت تک اپنی بنیادی رہائش کے طور پر استعمال کیا۔ اگرچہ Kessel اور اس کا خاندان Craftsman سے متاثر Kessel Park Inn میں سال بھر نہیں رہتا تھا، لیکن امکان ہے کہ وہ سال کے بیشتر حصے میں وہاں رہتے تھے اور اس نے جائیداد سے کاروبار کیا تھا۔ Adam Kessel جونیئر سنہ 1909-1920 تک فلم پروڈکشن میں فعال طور پر شامل رہے اور ریاستہائے متحدہ میں ابتدائی فلمی صنعت میں ان کی شراکتیں نمایاں ہیں: انہوں نے متعدد ابتدائی سٹوڈیوز قائم کیے اور ان کے ساتھ شراکت کی، یونیورسل پکچرز جیسی کمپنیوں کے بانی ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دیں (جو یونیورسل اسٹوڈیوز بن گیا) چارلی چپلن سمیت فلم کے ابتدائی چند بہترین اداکاروں کے لیے مواقع فراہم کیے؛ مقبول کامیڈی اور مغربی انواع کا آغاز کیا؛ اعلیٰ درجے کی فلم ٹیکنالوجی، ایڈیٹنگ، اور پروڈکشن؛ اور بڑے انفرادی فلمی پوسٹروں کی تیاری اور تقسیم کا آغاز کیا جو آج بھی فلم کی تشہیر میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

**<u>جنوبی سلسلہ</u>**

**Village of Hammondsport تاریخی ضلع، سٹیوبن کاؤنٹی** - Village of Hammondsport تاریخی ضلع سنہ 1823 سے سنہ 1975 تک پھیلے ہوئے تقریباً 450 تعمیراتی اعتبار سے برقرار وسائل کا ایک مربوط مجموعہ ہے، جس میں وکٹورین، کوئین این، کلاسیکی بحالی، اور کرافٹس کے ساتھ ساتھ American Foursquare ڈیزائن والے کٹ ہومز کی بھی عکاسی ہوتی ہے۔ گاؤں، جو فنگر لیکس کے علاقے میں Keuka جھیل پر واقع ہے، کی تاریخ ایری کینال کی تاریخ اور شراب کی تاریخی صنعت سے گہری جڑی ہوئی ہے، دونوں کی جڑیں سنہ 1820 کی دہائی

میں پیوست ہیں۔ شراب اور انگور کے نقشوں کا ایک مشترکہ بصری تصور ہے جو علاقے کی شراب کی پیداوار کی تاریخ کا حوالہ دیتا ہے اور گاؤں کی سیاحت کی صنعت کی عکاسی کرتا ہے، جو آج بھی جاری ہے۔ یہ گاؤں Hammondsport کے مقامی Glenn H. Curtiss کی تطہیر اور ہوائی جہاز کی تیاری کے لیے بھی مینوفیکچرنگ سائٹ تھا۔ Curtiss کو سنہ 1911 میں پہلا سمندری جہاز تیار کرنے اور کامیابی سے جانچنے کا کریڈٹ دیا جاتا ہے۔ Curtiss ایئر کرافٹ کارپوریشن نے 1910-1916 تک جھیل Keuka پر اپنے ہوائی جہاز کے لیے آزمائشی پروازیں کیں، اور ٹیسٹ پائلٹوں کو تربیت دینے کے لیے مقامی طور پر ایک فلائٹ سکول قائم کیا۔ اس گاؤں میں شراب اور ہوا بازی کی دونوں صنعتوں نے نیو یارک کی معیشت پر بہت زیادہ اثر ڈالا اور امریکی کاشت کاری، صنعتی اور فوجی تاریخ میں اہم شراکت داری کی۔

## مغربی نیو یارک

**DL&W ٹرین شیڈ، ایری کاؤنٹی** - دی ڈیلاویئر، لیکاوانا، اور ویسٹرن ( Delaware, Lackawanna, and Western, DL&W) ٹرین شیڈ ایک لمبا، تنگ، مستطیل ڈبل ڈیک ٹرین شیڈ ہے جو سنہ 1917 میں چار عمارتوں پر مشتمل ریل روڈ ٹرمینل کمپلیکس کے حصے کے طور پر بنایا گیا تھا جو اندرون بفلو میں ایک گھنے تجارتی ضلع میں واقع ہے۔ شیڈ اس کمپلیکس کا واحد باقی ماندہ ڈھانچہ ہے اور یہ ناصرف ریاست نیو یارک میں لنکن بُش-طرز کے ٹرین شیڈ کی ایک نادر مثال ہے بلکہ ملک بھر میں موجود قدیم ترین مثالوں میں سے ایک ہے۔ سنہ 1905 میں اپنے نام کروائے گئے، بش ٹرین شیڈ نے بڑے دورانیے والے شیشے کے ٹرین شیڈز کا ایک اقتصادی متبادل پیش کیا، جس میں ٹرینوں کے اوپر دھواں خارج کرنے کے لیے چھت کے اخراج کے نظام کے ساتھ ڈیزائن کیا گیا تھا جس نے عمارت کی عمر بڑھانے، دیکھ بھال کی لاگت کو کم کرنے، اور مسافروں کے لیے ہوا کا معیار بہتر بنانے میں مدد کی۔ ڈیزائن بیسویں صدی کی ریل روڈ سہولت ٹیکنالوجی میں ایک اہم پیشرفت تھا اور مضبوط کنکریٹ اور فولاد کے جدید استعمال کی نمائندگی کرتا ہے۔ DL&W ٹرین شیڈ کو سنہ 1982 میں امریکی محکمۂ داخلہ نے قومی رجسٹر کے لیے اہل قرار دیا تھا۔ فی الحال، یہ عمارت نیاگرا فرنٹیئر ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی ( Niagara Frontier Transportation Authority, NFTA) کے لیے پہلی منزل پر لائٹ ریل ٹرینوں کو ایڈجسٹ کرتی ہے۔

**Lakewood ویلیج ہال، چوٹوقوا کاؤنٹی** - Lakewood ویلیج ہال، جسے Anthony C. Caprino بلدیاتی عمارت بھی کہا جاتا ہے، ایک معمولی کرافٹسمین طرز کی بلدیاتی عمارت ہے جو اصل میں سنہ 1915 میں تعمیر کی گئی تھی۔ یہ عمارت Lakewood کی شہری اور بلدیاتی خدمات کے قیام اور توسیع کے ساتھ طویل وابستگی کے لیے اہم ہے- جس میں Lakewood فائر ڈیپارٹمنٹ کے لیے اسّی سالوں سے گھر کے طور پر خدمات انجام دینا شامل ہیں- اور یہ سماجی اجلاسوں اور تقاریب کی میزبانی کا ایک مقام بھی رہا ہے۔ اپنے ایک سو سال سے زیادہ کے استعمال کے دوران، عمارت میں علاقے کی بدلتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تزئین و آرائش اور اضافے کیے گئے ہیں۔ یہ چھٹیاں گزارنے والوں کے لیے ایک عارضی منزل سے لے کر بیسویں صدی میں باضابطہ طور پر قائم مضافاتی انکلیو تک گاؤں کے ارتقاء کی عکاسی کرتی ہے۔ اس عمارت میں فی الحال سرکاری دفاتر، Lakewood پولیس ڈیپارٹمنٹ، اور Lakewood تاریخی عجائب گھر ہیں۔

**Our Lady of Victory رومن کیتھولک چرچ تاریخی ضلع، ایری کاؤنٹی** - لیکاوانا میں Our Lady of Victory رومن کیتھولک چرچ تاریخی ضلع (جسے عام طور پر OLV کہا جاتا ہے) ایک بڑا، تاریخی طور پر تعاون کرنے والے بارہ وسائل پر مشتمل کمپلیکس ہے - مذہبی، تعلیمی، دفتری، طبی۔ ، اور دیگر عمارتیں- جو سنہ 1857 اور سنہ 1978 کے درمیان مراحل میں تعمیر کی گئیں۔ Our Lady of Victory باسیلیکا، جو ضلع کا مرکز ہے اور سالانہ ہزاروں سیاحوں کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے، ایک شاندار، بڑے پیمانے پر، Beaux فنون طرز کا چرچ ہے جو مغربی نیو یارک میں جسامت، پیمانے، انداز اور خوشحالی میں بے مثال ہے۔ سنہ 1921-1926 کے درمیان تعمیر کردہ، یہ عمارت وسیع باروک سے متاثر دیواروں، مجسموں اور رنگین داغدار شیشوں سے مزین ہے۔ باسیلیکا کی تعمیر کی سربراہی Father Nelson H. Baker نے کی، جنہوں نے سنہ 1882 میں کلیسا کی قیادت سنبھالنے کے بعد، موجودہ یتیم خانے کی مرمت اور توسیع کی اور ایک ہسپتال اور ابتدائی سکول کے قیام کی کوششوں کی قیادت کی۔ مقامی طور پر "Padre of the Poor" کے نام سے معروف، Father Baker مغربی نیو یارک کی سماجی اور مذہبی تاریخ میں ایک بڑی مقامی شخصیت تھے اور پورے امریکہ میں کیتھولک برادریوں میں جانے جاتے تھے۔ سنہ 2011 میں، انہیں پوپ Benedict XVI نے قابلِ احترام کے طور پر نامزد کیا، جو رومن کیتھولک چرچ میں

مقدس ہونے کی طرف پہلا قدم ہے۔ OLV تاریخی ضلع میں تعمیراتی کاموں اور تعمیراتی طرز کی مختلف قسمیں آج ایک بڑے مذہبی ادارے کے ارتقاء کی نمائندگی کرتی ہیں کیونکہ اس نے وقت کے ساتھ ساتھ اپنے کلیساؤں اور بڑے پیمانے پر علاقے کی ضروریات کو پورا کیا ہے۔

**Wood and Brooks کمپنی فیکٹری کمپلیکس، ایری کاؤنٹی** - Wood and Brooks کمپنی فیکٹری چار عمارتوں پر مشتمل ایک کمپلیکس ہے- جس میں ٹوناونڈا قصبے میں، اصل فیکٹری، ہاتھی دانت کی والٹ، لکڑی ذخیرہ کرنے کی عمارت، اور گیراج شامل ہیں- فیکٹری کے محلِ وقوع نے بجلی، ریل کی آمد و رفت اور کارکنوں تک قریبی رسائی فراہم کی، ان سب نے Wood and Brooks کو عملی فوائد فراہم کیے جس کی وجہ سے بڑی تیزی سے ترقی ہوئی- Wood and Brooks امریکہ میں ہاتھی دانت کے پیانو کے بٹن اور ایکشن بنانے والے سب سے اہم مینوفیکچررز میں سے ایک بن گئے اور دوسری جنگ عظیم کے دوران لینڈنگ کرافٹ وہیکل پرسنل ( Landing Craft Vehicle Personnel, LCVP) کی فوجی پیداوار کے ذیلی ٹھیکیدار کے طور پر اہم کردار ادا کیا۔ فیکٹری بیسویں صدی کے پہلے نصف میں ڈیزائن اور تعمیر کی گئی ایک مینوفیکچرنگ سہولت کی مستقل نمائندگی ہے اور صنعتی فنِ تعمیر اور انجینئرنگ کے رجحانات کے ارتقا کی ایک اچھی مثال ہے۔ سنہ 1902 میں ابتدائی تعمیر اور اس کے بعد اگلی چھ دہائیوں میں توسیع کے ساتھ، فیکٹری میں ابتدائی کھمبے اور بیم مل طرز کی عمارت، نیز مضبوط کنکریٹ کی تعمیر کی مثالیں بھی شامل ہیں، جن دونوں نے ایک ایسا ماحول بنانے میں مدد کی جس کی اشیاء سازی کی سہولیات کو ضرورت ہے: آگ کو روکنے اور محدود کرنے کے لیے تیار کردہ خصوصیت، ایک مضبوط کھلا منصوبہ، دن کی روشنی کی اعلٰی سطح، اور قدرتی ہواداری۔ فیکٹری کمپلیکس میں مضبوط کنکریٹ کے اضافے کو Turner کنسٹرکشن کے H.C. Turner نے تعمیر کیا تھا، جو کہ بیسویں صدی کے اوائل میں شمال مشرق میں کثیر منزلہ مضبوط کنکریٹ کی عمارتوں اور ڈھانچے کے روحِ رواں ہیں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں